میں جنابت کی حالت میں تھا چنانچہ مجھے یہ بات ناگوار گزری کہ میں آپ کے ساتھ ناپاکی کی حالت میں بیٹھوں آپ ﷺ نے فرمایا: ”سبحان اللہ! مومن نجس نہیں ہوتا“

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ مدینہ کے کسی راستہ پر ان کی نبی ﷺ سے ملاقات ہو گئی اس وقت وہ جنابت کی حالت میں تھے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں چپکے سے لوٹ گیا اور غسل کر کے واپس آیا آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ اے ابوہریرہ! کہاں چلے گئے تھے؟ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ میں جنابت کی حالت میں تھا چنانچہ مجھے یہ بات ناگوار گزری کہ میں آپ کے ساتھ ناپاکی کی حالت میں بیٹھوں آپ ﷺ نے فرمایا: ”سبحان اللہ! مومن نجس نہیں ہوتا“
[صحیح] [متفق علیہ]

مدینہ کے ایک راستہ میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی نبی ﷺ سے ملاقات ہوئی اتفاق سے وہ اس وقت جنبی تھے نبی ﷺ کی تعظیم وتکریم کے تقاضہ کے تحت انہوں نے ناپسند کیا کہ وہ اس حالت میں آپ ﷺ کے ساتھ بیٹھیں اور آپ سے گفتگو کریں چنانچہ وہ چپکے سے نبی کے ہاں سے نکل گئے اور غسل کر کے واپس آئے نبی ﷺ نے ان سے پوچھا کہ وہ کہاں چلے گئے تھے؟ انہوں نے آپ ﷺ کو ساری بات بتا دی کہ انہیں اچھا نہیں لگ رہا تھا کہ وہ آپ ﷺ کے ساتھ ناپاکی کی حالت میں بیٹھیں آپ نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے اس عمل پر تعجب کا اظہار کیا کہ وہ جنبی کو نجس خیال کر رہے تھے چنانچہ اس وجہ سے غسل کرنے چلے گئے آپ ﷺ نے انہیں بتایا کہ:مومن کسی بھی حال میں نجس نہیں ہوتا

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3076